ہیمنت سورین کو جھارکھنڈ ہائی کورٹ سے ملی ضمانت

جسٹس رنگن مکھاپادھیائے نے سنایا فیصلہ، جے ایم ایم اور کانگریس لیڈروں میں خوشی کا ماحول

رانچی(ایس این بی)

جھارکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین کو بالآخر ضمانت مل گئی۔ جھارکھنڈ ہائی کورٹ کے جسٹس رنگن مکھاپادھیائے نے جمعہ کو زمین گھپلے کیس میں جیل میں بند ہیمنت سورین کو ضمانت دے دی۔ جے ایم ایم لیڈر ہیمنت سورین کو 50 ہزار روپے کی دو ضمانتوں پر ضمانت دی گئی ہے۔ 31 جنوری 2024 کی رات کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے طویل پوچھ گچھ کے بعد انہیں گرفتار کرلیا تھا۔ بڑگائی میں 8.5 ایکڑ اراضی کے مبینہ گھپلے میں جھارکھنڈ مکتی مورچہ (جے ایم ایم) کے رہنما اور جھارکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین کے وکیل مسلسل ضمانت کے لیے عدالت میں درخواست دے رہے تھے۔ منی لانڈرنگ کیس میں گرفتار ہیمنت سورین نے پی ایم ایل اے کورٹ سے لے کر ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں ضمانت کی درخواست کی، لیکن بار باران کی ضمانت کی درخواست مسترد کی جارہی تھی۔ آخرکار آج انہیں جھارکھنڈ ہائی کورٹ سے بڑی راحت ملی ہے۔ ہیمنت سورین کی درخواست پر جھارکھنڈ ہائی کورٹ میں آخری سماعت 13 جون کو ہوئی تھی۔ اس دن جے ایم ایم لیڈر کے وکیل کپل سبل نے عدالت میں اپنے موکل کو ضمانت دینے کی وکالت کی تھی۔ ان کے دلائل کی انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کے وکیل ایس وی راجو نے مخالفت کی اور عدالت سے استدعا کی کہ ہیمنت سورین کو ضمانت نہ دی جائے۔ دونوں فریقین کے دلائل سننے کے بعد جسٹس رنگن مکھاپادھیائے نے اپنا فیصلہ محفوظ کرلیا تھا۔

جمعہ کی صبح ڈبل بنچ کی سماعت کے بعد جسٹس رنگن مکھاپادھیائے کی سنگل بنچ نے اپنا حکم دیا۔ انہوں نے کورٹ روم میں ایک لائن کا فیصلہ سنایا، جس میں کہا گیا کہ ہیمنت سورین کو ضمانت دی جاتی ہے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ نے ہیمنت سورین کو ضمانت ملنے پر خوشی کا اظہار کیا اور عدالت کے فیصلے کا خیرمقدم کیا۔ ای ڈی کو جھارکھنڈ ہائی کورٹ میں اس وقت بڑا جھٹکا لگا جب ضمانت پر 24 گھنٹے تک روک لگانے کی درخواست مسترد کر دی گئی۔ ہیمنت سورین کو تقریباً 5 ماہ بعد ضمانت ملی ہے۔ ہیمنت سورین کو ہائی کورٹ سے ضمانت ملنے کے بعد جے ایم ایم اور کانگریس لیڈر خوش ہیں۔ کارکنوں میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے۔ ضمانت ملنے کے بعد ہیمنت سورین جلد ہی جیل سے باہر آجائیں گے۔ فی الحال وہ رانچی کے ہوٹوار میں واقع برسامنڈ اسنٹرل جیل میں بند ہیں۔

ہیمنت سورین کو ضمانت ملتے ہی شیبو سورین کی رہائش پر بڑھی ہلچل، دشوم گرو کی دہلی یاترا منسوخ

رانچی(ایس این بی) جھارکھنڈ مکتی مورچہ (جے ایم ایم) کے ورکنگ صدر ہیمنت سورین کو مبینہ زمین گھپلہ کیس میں جھارکھنڈ ہائی کورٹ سے ضمانت ملنے کے بعد ڈشوم گرو شیبو سورین کی رہائش گاہ پر سرگرمیاں بڑھ گئی ہیں۔ ہیمنت سورین کے چھوٹے بھائی اور جھارکھنڈ حکومت کے وزیر بسنت سورین نے ڈشوم گرو سے ملاقات کی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ہیمنت سورین کو ضمانت ملنے کے بعد شیبو سورین نے دہلی کا دورہ منسوخ کردیا ہے۔ انہیں آج جمعہ کو دہلی جانا تھا۔ جے ایم ایم کے مرکزی جنرل سکریٹری اور چیف ترجمان سپریو بھٹاچاریہ نے ہائی کورٹ کے فیصلے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ جے ایم ایم کے سینئر لیڈر سپریو بھٹاچاریہ نے کہا ہے کہ اوپروالے کے گھر میں دیر ہے اندھیر نہیں۔ ہماری پارٹی جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات ہیمنت سورین کے چہرے پر لڑے گی۔ اس سے پہلے بسنت سورین شیبو سورین کے گھر پہنچے۔ کچھ دیر وہاں رہنے کے بعد وہ واپس آ گئے۔ شیبو سورین کی رہائش گاہ سے نکلنے کے بعد بسنت سورین نے ہیمنت سورین کے لیے بیل باؤنڈ بھرنے کا عمل شروع کیا۔ پارٹی کے سینئر لیڈر ونود پانڈے جے ایم ایم کے دیگر کئی لیڈروں کے ساتھ سول کورٹ پہنچے اور ہیمنت سورین کی رہائی سے قبل بیل باؤنڈ بھرا۔ ضروری کاغذی کارروائی مکمل کرنے کے بعد، ہیمنت سورین کی اہلیہ کلپنا سورین اسے لانے کے لیے خود ہوٹوار جیل جائیں گی۔ 13 جون کو جب ہائی کورٹ میں ہیمنت سورین کی ضمانت کی درخواست پر حتمی دلائل ہوئے تو کلپنا سورین کورٹ روم میں موجود تھیں۔

DM کی PGRC کی اپیلوں پر سماعت

چھپرہ (ندیم احمد/یس این بی)

عوامی شکایات کے ازالہ کے قانون کے تحت

دائر دوسرے اپیل کیسز کی سماعت جمعہ کو ڈی ایم کم اپیلٹ آفیسر امن سمیر نے کی۔ اس درمیان انہوں نے اپنے دفتر کے کمرے میں کل گیارہ مقدمات کا تصفیہ کیا۔ سماعت کے دوران شکایت کنندہ کی موجودگی میں ڈی ایم نے متعلقہ عہدیداروں سے براہ راست یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ رابطہ کر کے مسئلہ کو فوری حل کیا۔ انہوں نے گیارہ میں سے چھ کیسز پر حتمی احکامات جاری کرتے ہوئے باقی پانچ کیسز پر متعلقہ محکموں کے افسران سے اگلی تاریخ پر رپورٹ طلب کرنے کا حکم دیا۔ ڈی ایم مسٹر سمیر نے تمام عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ پی جی آر سی کے تحت مقدمات کو سنجیدگی سے لیں اور انہیں مقررہ وقت پر انہیں حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ مقدمات کو التوا میں رکھنا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

ندیوں کی سطح آب میں اضافہ سے سیلابی صورتحال

کرسا کانٹا-فاربس گنج اہم شاہراہ پر سیلاب کا پانی، ہزاروں کی آبادی متاثر

ارریا(ایس این بی)

بہار کی ندیوں کے سطح آب میں اضافہ کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ نیپال کے پانی جمع حلقہ میں لگاتار ہورہی بارش اور کوسی بیراج سے پانی چھوڑے جانے کو لیکر ارریا کی ندیاں بھی اپنی تیزی پر ہیں۔ کرسا کانٹا بلاک حلقہ کی ندیوں میں طغیانی بنی ہوئی ہے۔ اس وجہ سے گاؤں والوں کو سیلاب کا خدشہ ستا رہا ہے۔ بلاک حلقہ کے سورگاؤں، رہٹمینا، لکشمیپور، جاگیر پراسی، سکٹیا وغیرہ دیگر پنچایتوں میں بھی سیلاب سے دیہی حلقہ کے لوگ پریشان حال ہیں۔ ارریا میں ندیوں کے سطح آب میں اضافہ کی وجہ سے پاٹ کی کاشت برباد ہورہی ہے۔ سیلاب کے پانی سے ڈوبے ہونے کی وجہ سے دھان کو لیکر بھی کسانوں کی پریشانیوں میں اضافہ ہوگیا ہے۔ وہیں جاگیر پراسی پنچایت کے درجنوں کسانوں نے بتایا کہ سیلاب سے تو ہر برس کسانوں کو کافی بربادی کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن اس مرتبہ تو وقت سے قبل ہی آئے سیلاب نے کسانوں کی پریشانیوں میں اضافہ کردیا ہے۔ کرسا کانٹا۔ فاربس گنج روٹ پر کڑکڑوا سے اوسری، رام گنج تک سڑک پر سیلاب کا پانی آجانے سے راہگیروں کو آمدورفت میں کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ وہیں گاڑی مالکان کو 18 کلومیٹر کی مسافت کی جگہ سونامنی گدام، چندرموہن وشنپور کے راستے تقریباً 25 کلومیٹر کی دوری طے کرکر فاربس گنج جانا پڑتا ہے۔ جوگبنی - فاربس گنج اہم شاہراہ پر میرگنج کے نزدیک پرمان ندی پر لوہے کے پل کے متوازی بن رہے نئے پل کی اونچائی پر کام کیا جارہا ہے۔ اتنی کم اونچائی والے پل کے گارڈر سے ندی کے پانی کی سطح میں اگر اضافہ ہوا تو گارڈر سے پانی جاٹکرائے گا۔ اس سے پل کے گارڈر پر ہمیشہ پانی کا دباؤ بنا رہ سکتا ہے۔ جبکہ اس کے متوازی پہلے سے بنے لوہے کے پل کی اونچائی سے قریب 5 سے 6 کلومیٹر پل کے لیول سے نیچے گارڈر کی تعمیر کی جارہی ہے۔ بتادیں کہ 2007 میں پرمان ندی میں آئے سیلاب نے میرگنج کے لوہے کے پل کو بھی برباد کردیا تھا۔ اسی کو دیکھتے ہوئے اس کے متوازی بن رہے پل کو زیادہ اونچائی دینے کی جگہ نیچے کرکے بنایا جارہا ہے۔ مقامی لوگوں نے اسے بڑا مسئلہ بتایا ہے۔ لوگوں نے بتایا کہ آنے والے دنوں میں ندی میں اگر مزید سطح آب میں اضافہ ہوا تو بنائے گئے گارڈر سے پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ ہوئی تو پل کے شمالی سمت میں بسے جوگبنی بھم سینا، کھسکی، کوچگاما، کھجور باری، پوکھریا، پرانی جوگبنی سمیت میدانی علاقوں میں سیلاب کا خطرہ لاحق ہوجائے گا۔ لوگوں نے محکمہ جاتی افسران کی لاپرواہی بتایا اور سینئر افسران سے اس پل کی تعمیر کی جانچ کران کی مانگ کی ہے۔

بیوی اور بیٹے کے قتل سے علاقے میں سنسنی

جموئی(ایس این بی)

جموئی میں ایک ماں اور اس کے معصوم بیٹے کا قتل کردیا گیا۔ قتل کا الزام خاتون کے شوہر پر ہے۔ پولیس نے دونوں لاش کو برآمد کرلیا ہے اور قتل کے ملزم شوہر کو حراست میں لیکر پوچھ گچھ کی جارہی ہے۔ واقعہ جمعرات کی دیررات کا ہے۔ وہیں مقتولہ کے شوہر پر شادی کے بعد بیوی کو زدوکوب کرنے کی بات بھی سامنے آئی ہے۔ پولیس ہرزاویہ سے جانچ کررہی ہے۔ معلوم ہو کہ گزشتہ جمعرات کی دیررات ایک بدماغ شوہر نے اپنی بیوی سمیت 7 زسالہ بیٹے کا قتل کردیا ہے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس کی ٹیم موقع پر پہنچی اور ماں بیٹے کی لاش کو قبضہ میں لیا۔ لاش کو پوسٹ

مارٹم کیلئے اسپتال بھیج دیا گیا اور پولیس اب پورے معاملے کی تفتیش میں لگی ہوئی ہے۔ وہیں اس دوہرے واقعہ کی جانکاری ملنے کے بعد گاؤں کے لوگ حیران ہیں۔ وہیں چکائی بلاک کے ہی بچگڑا گاؤں باشندہ مہلوکہ کی والدہ منی، والد گوردھن داس نے بتایا کہ کچھ برس قبل سنیتا کی شادی چکائی تھاہ کے پراچی گاؤں باشندہ سیوک داس کے بیٹے مہیش داس کے ساتھ ہوئی تھی۔ شادی کے کچھ دن بعد سے داماد مہیش داس اپنی بیوی کے ساتھ برابر مار پیٹ کرنے لگا۔ وہ اپنی بیوی کو اکثر زدوکوب کیا کرتا تھا۔ بتایا گیا ہے کہ ایک ہفتہ قبل بھی اس نے سنیتا کے ساتھ مار پیٹ کیا تھا۔ گھر کی ڈھلائی کیلئے مائیکہ سے ایک لاکھ روپے مانگ کرلانے کا دباؤ وہ اپنی بیوی پر بنا رہا تھا۔ مجبور ہوکر سنیتا بچگڑھا اپنے مائیکہ آکر ہم لوگوں کو سبھی بات بتائی۔ تبھی ہم نے کہا کہ ابھی پیسہ نہیں ہے، بعد میں کام دھندہ کر کسی طرح 20 ہزار روپے دے دیں گے۔ مہلوکہ کے مائیکہ والوں نے بتایا کہ ہم لوگوں نے پیسے دینے کا بھروسہ دے کر اسے بھیج دیا تھا۔ اس کے بعد گزشتہ بدھ کو سنیتا پراچی اپنے سسرال واپس آگئی۔ لیکن پیسہ نہیں ملنے پر شوہر مہیش داس نے اس کے ساتھ مار پیٹ کیا گیا تھا۔ اس کی جانکاری سنیتا نے فوراً ہم لوگوں کو فون سے دی۔ پیسہ نہیں ملنے سے مشتعل مہیش داس نے جمعرات کی دیررات سنیتا دیوی (29)، بیٹا ریتک (7) کا گلا دبا کر قتل کردیا گیا تھا۔ پورے معاملے کولیکر ڈی ایس پی راجیش کمار نے بتایا کہ مہلوکہ کے سسرال والوں نے بتایا کہ نامعلوم لوگوں کے ذریعے دونوں کا قتل کردیا گیا ہے۔ پولیس مہلوکہ کی ماں کے بیان کی بنیاد پر سنیتا کے شوہر مہیش داس کو حراست میں لیکر پوچھ گچھ کررہی ہے۔ سنیتا کی شادی 10 برس قبل مہیش داس کے ساتھ ہوئی تھی جس سے ایک لڑکا ریتک تھا جس کا بھی قتل کردیا گیا تھا۔

جل جیون مشن کی تمام واٹر سپلائی اسکیموں کو وقت پر مکمل کریں

پینے کے صاف پانی کی فراہمی ریاستی حکومت کی ترجیحات میں شامل: چمپئی سورین

رانچی(ایس این بی)

وزیراعلیٰ چمپئی سورین جھارکھنڈ کی وزارت میں عہدیداروں کی موجودگی میں پینے کے پانی اور صاف صفائی کے محکمہ کے کام کی تازہ ترین پیشرفت کا بغور جائزہ لیا۔ میٹنگ میں وزیراعلیٰ نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ جل جیون مشن (ہر گھر جل) دیہی کے تحت شروع کی گئی تمام چھوٹی اور بڑی اسکیموں کو مقررہ مدت میں مکمل کریں۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ جن گھروں میں نلوں کے ذریعے پانی فراہم کیا گیا ہے وہ اس بات کا جائزہ لیں کہ اسکیم کے تحت لگائے گئے نلوں میں پانی موجود ہے یا نہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ جل جیون مشن کے تحت آنے والے تمام گھروں تک پانی پہنچے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جل جیون مشن ہر گھر تک نل کا پانی فراہم کرنے کی ایک اہم اسکیم ہے۔ ہماری حکومت پینے کے پانی کے مسئلے کو پوری تندہی سے حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ موصوف نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ حکومت کے ذریعہ چلائے جانے والے پانی کی فراہمی کے تمام پروجیکٹوں کو وقت پر مکمل کریں اور ریاست میں پینے کے آسان پانی کی دستیابی اور کنکشن کے کاموں کے معیار پر خصوصی توجہ دیں۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ دیہی واٹر سپلائی اسکیموں کے بہتر آپریشن اور دیکھ بھال کو یقینی بنانے کے لئے خصوصی احتیاط کے ساتھ کام کریں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پنچایت سطح پر منظور شدہ نئے ٹیوب ویلوں پر کام کی پیشرفت میں تیزی لائی جائے۔ خراب شدہ ٹیوب ویلوں کی مرمت کا کام یقینی بنائیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بارش کے موسم میں لوگوں کو پینے کے صاف پانی کی کوئی پریشانی نہیں ہونی چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے عہدیداروں سے کہا کہ محکمہ مستقبل میں پینے کے پانی کے بحران سے بچنے کے لیے خصوصی ایکشن پلان بھی تیار کریں۔ وزیراعلیٰ نے عہدیداروں کو بتایا کہ ورلڈ بینک کی سرپرستی میں سرائیکیلا کھرساواں ضلع کے تحت انٹاگڑھ اور ڈڈرا کمال پور میں واٹر سپلائی اسکیم 2023 میں لی گئی تھی، لیکن ایجنسی کی لاپرواہی کے باعث یہ اسکیم مکمل نہیں ہوسکی۔ ایجنسی کی جانب سے غفلت برتنے پر کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا اور اس واٹر سپلائی اسکیم کو نئی منظوری حاصل کر کے مکمل کیا جائے۔

وزیراعلیٰ نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ گزشتہ دنوں مختلف ذرائع سے ایسی اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ ریاست کے کچھ اضلاع میں گاؤں کے لوگ پانی کے ذرائع جیسے تالاب، کنوئیں وغیرہ سے پینے کا پانی لا رہے ہیں، جہاں ایسے علاقوں میں رپورٹس موصول ہو رہی ہیں وہاں ٹیسٹ کروا کر پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ محکمہ کو پینے کے پانی سے متعلق جو بھی شکایات موصول ہو رہی ہیں، انہیں ہر صورت حل کریں۔ موصوف نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ تمام کثیر دیہی واٹر سپلائی اسکیموں کو ہر قیمت پر جولائی تا اگست 2024 تک مکمل کرنے کی جا؟ جن کو ستمبر-اکتوبر 2024 تک مکمل کرنے کا ہدف رکھا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاست کے اندر کچھ پہاڑ ایسے ہیں جہاں سے آبشاریں گرتی ہیں، ان جگہوں پر بھی واٹر سپلائی سکیم شروع کی جاسکتی ہے۔ ایسے پہاڑوں کی نشاندہی کریں اور ایکشن پلان بنائیں۔

وزیراعلیٰ نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ سوچھ بھارت مشن (دیہی) کے تحت بنائی جارہی بیت الخلا کی تعمیر کی اسکیم کو ابوا آواس یوجنا سے جوڑیں۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ سوچھ بھارت مشن کے تحت بیت الخلاء کی تعمیر کے لئے صرف 12 ہزار روپے دیئے جاتے ہیں، عہدیدار اس بات کا بھی جائزہ لیں کہ آیا اس رقم میں معیاری بیت الخلا بنایا جاسکتا ہے یا نہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان کی حکومت ابوآواس کے مستحقین کو ایک بہتر بیت الخلاء فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے جو طویل عرصے تک استعمال ہو سکے۔ گوبردھن پروجکٹ کے تحت بنائے گئے گوبر گیس پلانٹ کا جائزہ لیتے ہوئے موصوف نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ دیہی علاقوں میں اس اسکیم کی وسیع پیمانے پر تشہیر کی جائے۔ گاؤں والوں کو گوبر گیس پلانٹ کے فوائد کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔ میٹنگ میں ریاست کے چیف سکریٹری ایل کھیانگتے، چیف منسٹر کے ایڈیشنل چیف سکریٹری اویناش کمار، محکمہ پانی اور صفائی ستھرائی کے سکریٹری راجیش شرما، چیف منسٹر کے سکریٹری اروا راجکمل اور دیگر سینئر افسران موجود تھے۔

ہیمنت سورین کو ضمانت ملنے پر پورے جھارکھنڈ میں خوشی کی لہر: برجندر سنگھ

دھنباد(قمر العارفین/ ایس این بی)

جھارکھنڈ ہائی کورٹ کے ذریعہ ہیمنت سورین کو ضمانت دیئے جانے کی خبر سے پورے جھارکھنڈ میں گاؤں سے لیکر شہر تک آگ کی طرح پھیلا گیا اور جھارکھنڈ کے لوگوں میں بہت ہی خوشی کا ماحول ہے۔ ضمانت ملنے کی جیسے ہی خبر آئی عظیم اتحاد کے ساتھ ساتھ جھارکھنڈ کے عوام نے بھی ایک دوسرے کو مٹھائی کھلا کر مبارکباد دی۔ دھنباد میں بھی جگہ جگہ پر خوشی کا ماحول دیکھا گیا اور ایک دوسرے کو مبارکباد دی۔ ہیمنت سورین کو ضمانت ملنا کوئی بڑی بات نہیں ہے لیکن بغیر کسی وجہ کے وزیراعلیٰ کے عہدے پر رہتے ہوئے انہیں زبردستی گرفتار کرنا آئین کے قتل کے مترادف ہے۔ بغیر کسی ثبوت کے کسی کو پانچ ماہ تک جیل میں رکھنا آئین کا قتل ہے اور اس کے تحفظ کے لیے آج پورے ملک میں عظیم اتحاد آئین بچانے میں لگا ہے اور سڑک سے ایوان تک یہ جاری رہے گا۔ ہیمنت سورین کو ضمانت ملنے پر ضلع بیس نکاتی کمیٹی کے چیئرمین برجیندر پرساد سنگھ، کانگریس ضلع صدر سنتوش سنگھ، رشید راجہ انصاری، مدن مہتو، نونیت نیرج، منوج یادو، جوگندر سنگھ جوگی، انل شاہ، راجیشور سنگھ یادو سمیت سینکڑوں لوگوں نے خوشی کا اظہار کیا۔

اسلحہ کی زد پر بزرگ عورت سے چین کی لوٹ

رانچی(ایس این بی)

چوٹیا کے چھٹھ تالاب روڈ میں دو بائک پر سوار جرائم پیشوں نے ایک بزرگ سے اسلحہ کی زد پر سونے کی چین لوٹ کر فرار ہوگئے۔ یہ واقعہ گزشتہ روز پیش آیا۔ اس سلسلے میں بزرگ خاتون منتی دیوی نے چوٹیا تھانہ میں ای آئی آر درج کرائی ہے۔ چوٹیا تھانہ تالاب کے نزدیک رہنے والی منتی دیوی نے پولیس کو بتایا کہ وہ گزشتہ روز پوجا کرنے کے لئے گھر سے نکلی تھی، اسی دوران دو بائک پر سوار جرائم پیشے ان کے پاس پہنچے۔ ان کے گولے سے سونے کی چین چھیننے لگے۔ مخالفت کرنے پر جرائم پیشوں نے پستول نکال لیا۔ عورت کو دھمکی دی کہ چین نہیں دی تو گولی مار دیں گے۔ اس سے عورت ڈر گئی اور جرائم پیشوں نے ان کے گلے سے سونے کی چین لوٹ کر فرار ہو گئے۔ اس کے بعد عورت چوٹیا تھانہ پہنچی اور معاملہ درج کرایا۔ درج ایف آئی آر کی بنیاد پر پولیس معاملے کی جانچ شروع کردی ہے۔ پولیس کی ٹیم اس علاقے میں لگے سی سی ٹی وی کیمرے سے واقعہ کا فوٹیج بھی نکالی ہے۔ اس کی بنیاد پر پولیس جرائم پیشوں کی تلاش کررہی ہے۔

نابالغہ کی آبروریزی، ملزم جیل رسید

دھنباد(ایس این بی)

جھریا تھانہ حلقہ کے بستا کولا میں نابالغہ لڑکی سے آبروریزی کا معاملہ روشنی میں آیا۔ متاثرہ کی ماں نے آبروریزی کا الزام محلے میں ہی رہنے والے کلدیپ ورما پر لگایا ہے۔ لڑکی نے جھریا تھانہ پہنچ کر کلدیپ کے خلاف تحریری شکایت کی۔ پولیس نے پاکسو ایکٹ کے تحت معاملہ درج کر فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ اسے گزشتہ روز جیل بھیج دیا گیا۔ تھانہ میں دیئے گئے درخواست میں لڑکی نے کہا کہ پڑوس میں رہنے والے کلدیپ اس کی بیٹی کو بہلا پھسلا کر اپنے ساتھ لے گیا اور اسے دھنسار کے نزدیک ایک ہوٹل میں لے جاکر آبروریزی کی۔ جھریا تھانہ انچارج ششی رنجن کمار نے کہا کہ شکایت ملتے ہی ملزم کو پکڑ کر جیل بھیج دیا گیا ہے۔ نابالغہ کی میڈیکل جانچ کے بعد کورٹ میں بیان درج کرانے کی کارروائی کی جائے گی۔

طالبعلم کے ذریعے ٹیبل پر پستول رکھ کر امتحان دینے کا ویڈیو وائرل

شہ زوری کے اس واقعہ کے منظر عام پر آنے کے بعد اسکولی انتظامیہ حواس باختہ، متعلقہ اسکول کی ہیڈ مسٹریس کا لاعلمی کا اظہار

لکھی سرائے(ایس این بی)

ڈان اور مافیاؤں سے بھرے بہار کے ایک ہائی اسکول میں ماہانہ امتحان کے دوران دولڑکوں کا پستول کے ساتھ پیپر لکھنے کا ویڈیو وائرل ہوا ہے۔ جرائم کی دنیا میں پاؤں رکھنے والے زیادہ تر نوجوان ہائی اسکول میں ہی راستہ بھٹکتے ہیں جب وہ پیسہ کے چکر میں جرائم پیشوں کے اثر میں آجاتے ہیں۔ سرکاری اسکولوں میں اس وقت ماہانہ امتحان جاری ہے۔ امتحان کے دوران امیدواروں کے ایک سے ایک کارنامہ سامنے آرہے ہیں۔ ہائی اسکول کے امتحان میں بنچ پر پستول رکھ کر پیپر لکھنے کا ویڈیو وائرل ہونے کے بعد محکمہ تعلیم اور پولیس میں بے چینی کی صورتحال ہے۔ پستول کے ساتھ امتحان دینے کا وائرل ویڈیو ہلسی بلاک کے کیندی ہائی اسکول کا بتایا جارہا ہے۔ ویڈیو میں امتحان کے دوران دو امیدواروں کے درمیان ڈیسک پر پستول رکھا ہوا ہے۔ تعجب اس بات کا ہے کہ امتحان کے دوران پستول بینچ پر رکھنے سے لیکر اس کا ویڈیو بنانے تک کسی کی بھی نظر نہیں پڑی۔ مقامی لوگوں کے مطابق تو ویڈیو کو سوشل نیٹ ورکنگ سائٹ فیس بک پر ریلے کے طور پر اپ لوڈ کیا گیا ہے۔ ویڈیو میں نظر آرہا امیدوار کیندی گاؤں کا بتایا جارہا ہے۔ حالانکہ ویڈیو کب بنایا گیا اور کسی اسکول کا ہے، اس کی تصدیق نہیں ہوپائی ہے۔ پولیس کی دلیل جاننے کیلئے عہدیداران کو فون کیا گیا لیکن رابطہ نہیں ہوپایا۔ وہیں اسکول کی ہیڈ رنجنا کماری نے کہا کہ انہیں اس ویڈیو کی کوئی جانکاری نہیں ہے۔ وائرل ویڈیو فراہم ہوگا تو طالبعلم کی شناخت کر ضروری کارروائی کی جائے گی۔ نیشنل کرائم ریکارڈ بیورو کی رپورٹ کے مطابق بہار میں نابالغوں کے ذریعے انجام دیئے گئے جرائم 2021 کی بہ نسبت 2022 میں کافی زیادہ ہوئے ہیں۔ اسی دوران ملک میں نابالغوں کے ہاتھوں جرائم کے معاملوں میں کمی آئی ہے۔ بہار میں 2022 میں 1052 ایسے کریمنل کیس درج ہوئے جس میں ملزم نابالغ تھا۔

یکم جولائی سے الیکٹرانکس ثبوت عدالت میں قابل قبول

پٹنہ (ایس این بی) یکم جولائی سے نافذ ہونے جارہے تین نئے قوانین میں سے ایک ہندستانی ثبوت ایکٹ کے نافذ ہونے پر الیکٹرانکس ثبوت کورٹ میں دستاویز کے طور پر اہل ہوں گے۔ نئے قانون میں الکٹرانکس ریکارڈ کو دستاویز جبکہ الیکٹرانکس طور پر موصولہ بیان کو ثبوت کے طور پر نام دیا گیا ہے۔ اس سے الیکٹرانکس یا ڈیجیٹل ریکارڈ کو قانونی منظوری اور اہلیت مل گئی ہے۔ بہار پولیس نے ہیڈ کوارٹر سے لیکر تھانہ سطح کے پولیس افسران کو نئے قوانین کی اس کی جانکاری دے دی ہے۔ ہندوستانی ثبوت ایکٹ 2023 میں دستاویزات کی تعریف کو توسیع کرتے ہوئے اس میں الیکٹرانکس یا ڈیجیٹیل ریکارڈ، ای-میل، سرورلاگس، کمپیوٹر پر فراہم دستاویز، اسمارٹ فون یا لیپ ٹاپ پیغام، ویب سائٹ اور لوکیشنل ثبوت کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

گریڈیہہ سے 4 سائبر جرائم پیشہ پولیس کی گرفت میں

فرضی بینک افسر بنکر حاملہ خواتین سے ٹھگی کا الزام، چار پہیہ گاڑی سمیت کئی سامان برآمد

گریڈیہہ(ایس این بی)

گریڈیہہ سے چار سائبر جرائم پیشوں کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ ان کے پاس سے پولیس نے چار پہیا گاڑی سمیت دیگر سامان برآمد کئے ہیں۔ سائبر جرائم پیشے فرضی بینک افسر بن کر زچگی کے فوائد کی رقم حاصل کرنے کے نام پر حاملہ خواتین سے ٹھگی کرتے تھے۔ پرتی بمب پورٹل پر اس کی خبر ملنے کے بعد چھاپہ مارٹی کی گئی اور سائبر جرائم پیشوں کو پکڑا گیا۔ گریڈیہہ کے ایس پی دیپک کمار شرما نے پریس کانفرنس کر کے جمعہ کو جانکاری دی۔ گریڈیہہ پولیس نے جن سائبر جرائم پیشوں کو گرفتار کیا ہے۔ ان میں بینگ آباد تھانہ حلقہ کے رگھائی ڈیہہ کا سرفراز انصاری، ہیروڈیہہ تھانہ حلقہ کے کرماٹانڑ کا قمرالدین انصاری، تاراٹانڈ تھانہ حلقہ کے جبرداہا کا رنجیت کمار منڈل اور پرمیشور کمار منڈل شامل ہے۔ ان چاروں سائبر جرائم پیشوں کے پاس سے پولیس نے 6 موبائل، 8 سم کارڈ، 1 پاس بک، 2 اے ٹی ایم کارڈ، ایک ماروتی سوزوکی سوفٹ ڈیزائر کار، ایک پین کارڈ اور ایک آدھار کارڈ برآمد کیا ہے۔ گریڈیہہ کے ایس پی نے بتایا کہ پرتی بمب پورٹل کے ذریعہ سے سائبر کرائم کی خبر ملی کہ گریڈیہہ کے بینگ آباد تھانہ حلقہ میں کچھ سائبر جرائم پیشے عام لوگوں سے ٹھگی کررہے ہیں۔ اطلاع کی بنیاد پر سائبر ڈی ایس پی عابد خان کی قیادت میں ٹیم تشکیل کی گئی۔ اس ٹیم میں روہت کمار مہتو، پونت کمار گوتم، نکجن کمار، سنجئے مخیار، گھنشیام بروا، منوج کمار شامل کئے گئے۔ بینگ آباد تھانہ حلقہ کے مختلف علاقوں میں چھاپہ ماری کر کے ان چاروں شاطر سائبر جرائم پیشوں کو گرفتار کیا گیا۔ سائبر جرائم پیشوں سے جب پوچھ گچھ کی گئی تو انہوں نے بتایا کہ اپنے آپ کو بینک افسر بتا کر زچگی کی رقم حاصل کرنے کے نام پر حاملہ خواتین کو دھوکہ دیا جاتا تھا۔ فرضی سم کارڈ اور فرضی بینک کھاتہ مہیا کرانے کا بھی کام کرتے تھے۔ سائبر تھانہ میں مقدمہ نمبر 26/2024 تاریخ 27.06.2024 درج کر کے سبھی کو جیل بھیج دیا گیا ہے۔ گرفتار سائبر جرائم پیشوں میں ایک پرانا شاطر سائبر ملزم سامل ہے۔ جس کا نام پرمیشور کمار منڈل ہے۔ اس کے خلاف تھانہ میں ایف آئی آر درج ہے۔ اس کے علاوہ دہلی کے اسپیشل سیل تھانہ مقدمہ نمبر 221/2022 درج ہے۔ دہلی اسپیشل سیل تھانہ مقدمہ نمبر 254/2022 درج ہے۔ ایس پی دیپک کمار شرما نے بتایا کہ سائبر جرائم پیشوں کے خلاف گریڈیہہ پولیس کا مہم جاری ہے۔ گزشتہ 9 ماہ میں 242 سائبر جرائم پیشوں کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔ جبکہ 587 موبائل، 770 سم کارڈ، 268 اے ٹی ایم، پاس بک 10، چیک بک 38، پین کارڈ 66، آدھار کارڈ 43، گاڑی 3، آئی پیڈ 4، لیب ٹاپ اور 14,58,310 روپے نقد ضبط کئے جاچکے ہیں۔

باپ بیٹے کو عمر قید

اورنگ آباد(ایس این بی) اورنگ آباد میں بیٹی کے عشق معاملہ میں ناراض ہوکر اس کا قتل کرنے والے باپ اور اس کے دادا کو تاعمر قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ واقعہ مدنپور تھانہ حلقہ کے تحت منجھار گاؤں میں پیش آیا۔ اورنگ آباد سول کورٹ میں اے ڈی جے۔ 3 سنیل کمار سنگھ نے مدنپور تھانہ کیس نمبر 216/22 سے سزا کے نکات پر سماعت کی گئی۔ عدالت نے مفصل تھانہ حلقہ کے بہوارا گاؤں باشندہ مہلوکہ کے والد راجارام اور اس کے دادا کیلاش رام کو تعزیرات ہند کی دفعہ 302/34 کے تحت تاعمر قید کی سزا سنائی۔ عدالت نے عمر قید کے علاوہ 25 ہزار روپے بطور جرمانہ بھی عائد کیا۔ جرمانہ نہیں دینے پر ایک برس کا اضافی قید بھی ہوگا۔ عدالت نے کہا کہ سبھی طرح کی سزا ایک ساتھ ہی نافذ ہوجائے گی۔

پارا ٹیچر و جھولا چھاپ ڈاکٹر کی حرکت سے یوسف ہوا معذور

صاحب گنج (ممتاز نعمانی /ایس این بی)

صاحب گنج میں کچھ سرکاری پارا ٹیچروں کی غنڈہ گردی سر چڑھ کر بول رہی ہے۔ یہ لوگ ایک وقت میں پارا ٹیچر کے ساتھ ٹھیکیداری و صحافت اور نیتا گیری اب ڈاکٹری پیشہ گیری کرنے کا جنون دیکھا جارہا ہے۔ چاہے کسی معصوم کی زندگی تباہ ہی کیوں نہ ہوجائے۔ اگر واقعی دوران علاج حالت بگڑ گئی تو الٹے دھمکیاں بھی دینے لگتے ہیں کہ کر اگر کہیں شکایت کی تو جان سے مار ڈالیں گے۔ جس طرح سے صاحب گنج صدر بلاک کے لال بتھانی کا رہنے والا علاقے کا شہ زور جیب الرحمان سرکاری پارا ٹیچر و جھولا چھاپ ڈاکٹر نے اپنے پرائیویٹ میڈیکل کلینک کے پڑوسی 6 سالہ محمد شاہنواز ابن محمد یوسف کو معمولی سی چوٹ لگنے پر ایک کمر میں اور دوسرا بازو میں انجکشن لگا کر دائیں پاؤں کو خراب و ناکام کر دیا۔ جب متاثرہ یوسف نے اپنے بیٹے کی فریاد لے کر جھولا چھاپ ڈاکٹر مجیب الرحمٰن کے پاس پہنچا کہ میرے بیٹے کا پاؤں کام نہیں کر رہا ہے تو مجیب الرحمٰن نے الٹا دھمکاتے ہوئے کہا کہ اگر کہیں شکایت کی تو جان سے مار ڈالوں گا۔ متاثرہ محمد شہنواز کے والد یوسف نے اپنے نزدیکی صاحب گنج مفصل تھانے میں شکایت کی۔ تقریباً دو ہفتے گزرنے کے بعد جھولا چھاپ فرضی ڈاکٹر بجیب الرحمٰن کے خلاف جب کوئی کارروائی نہیں ہوئی تو متاثرہ کے والد محمد یوسف نے صاحب گنج ایس پی کا دروازہ کھٹکھٹایا اور اپنے معصوم شاہنواز کیلئے انصاف کی فریاد لگائی۔